Home-Economics - 9th Class Home Economics Urdu Medium Chapter 6 Preparation

Q1. نشونما کے مختلف پہلو کون کون سے ہیں ؟ نام لکھیں.

Ans 1: 1. جسمانی نشونما 2. عضلاتی نشونما 3. ذہنی نشونما 4. معاشرتی نشونما 5. جذباتی نشونما.

Q2. کتنے سال کی عمر تک کے دور کو ابتدائی بچپن کہتے ہیں ؟

Ans 1: اس دور کو قبل از سکول کا دور بھی کہتے ہیں یہ دور تین سے پانچ سال کی عمر کا ہوتا ہے.

Q3. ابتدائی بچپن کے دور کی جسمانی اور عضلاتی نشونما سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: تین سے پانچ سال کی عمر میں جسمانی اور حرکی نشونما نہایت تیزی سے ہوتی ہے. جسمانی توانائی میں قابل ذکر اضافہ ہوجاتا ہے. بچہ جگہ جگہ گھومتا پھرتا ہے. سیڑھیاں بھی بلاوجہ چڑھتا اترتا ہے. چھلانگ لگانا، تیز بھاگنا، گیند پھینکنا، گیند اچھالنا وغیرہ اس دور کے پسندیدہ مشاغل ہیں.

Q4. نوزائیدہ بچہ کب روتا ہے ؟

Ans 1: تمام نوزائیدہ بچے روتے ہیں. رونا ہی ان کا واحد ذریعہ اظہار ہے. نوزائیدہ اپنی ضروریات کے لیے روتا ہے جب اسے بھوک یا پیاس لگی ہو، غیر آرام دو حالت یا درد و تکلیف میں ہو ، اندھیرے سے خوف محسوس کرے یا تنہائی کا احساس کرے . پیٹ میں گیس کی وجہ سے یا اونچی آواز سے بھی بچے ڈرجاتے ہیں.

Q5. نوبلوغت کے دور کی تعریف کریں.

Ans 1: نشونما کا یہ دور تیرہ سال سے اٹھارہ سال کی عمر تک جاری رہتا ہے. اس دور کی نمایاں خصوصیات جسمانی و جنسی پختگی اور وہ عضویاتی تبدیلیاں ہیں جو لڑکے اور لڑکیوں کی ذات کی شناخت اور جنسی کردار کے لیے اہم ہوتی ہیں.

Q6. جسمانی نشونما سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: جسمانی نشونما سے مراد بچے کے جسمانی ڈھانچے کی اندرونی اور بیرونی ساخت کی نشونما ہے . اس میں بچے کی جسامت حالت یا کیفیت کے علاوہ بچے کا وزن ، رنگت اور اس کے نقوش اور بالوں کی ساخت وغیرہ شامل ہیں.

Q7. شیر خوارگی کے دور کی جسمانی اور عضلاتی نشونما سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: یہ دور پیدائش سے تین سال کی عمر تک ہوتا ہے. پیدائش سے ہی اس کی جسمانی نشونما میں تیزی آتی ہے مگر جسمانی ڈھانچے کی افزائش عمر کے ہر دور میں مختلف رفتار سے ہوتی ہے. مثلاً نومولود کی نشونما سر سے پاوں کی جانب ہوتی ہے.

Q8. جذباتی نشونما کی تعریف کریں.

Ans 1: جذباتی نشونما سے مراد ہر قسم کے جزبات یا احساسات سے ہے. اس کا تعلق کسی بھی طرح کے احساسات کی نشونما ، ان احساسات کے اظہار کے مناسب طریقے اور ان پر قابو پانے کی اہلیت سے ہے .

Q9. نوبلوغت کے دور کی ذہنی نشونما بیان کریں.

Ans 1: نوبلوغت کے دور میں بچوں کے خاص رجحانات اور رویے ہوتے ہیں. ان کی ذہنی نشونما پختگی کے مراحل میں ہوتی ہے. ذہنی سرگرمیوں میں تیزی پائی جتی ہے. تجربات اور معلومات کا ذخیرہ بڑھ جاتا ہے. اپنے ماحول اور اردگرد کے مسائل سے بچہ بخوبی آشنا ہوتا ہے اور ان کو بخوبی حل کرسکتا ہے.

Q10. شیر خوار کے دور کی تعریف کریں.

Ans 1: انسانی نشونما کا یہ دور محتاجی اور انحصاری سے خود مختاری کا دور ہے. اس میں بچہ کھانے ، حرکات کرنے اور بولنے میں خود مختار ہوجاتا ہے.